بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
Bihar State Madrasa Education Board
Apex Tower,Haroon Nagar Sector-2, Phulwari Sharif, Patna

فوقانیہ ومولوی امتحانات 2024 کے امیدوار اسکروٹنی کیلئے 30 اپریل تک درخواست کریں: عبدالسلام انصاری

طلبا وطالبات صرف دو مضامین کیلئے ہی آن لائن درخواست کریں: ڈاکٹر محمد نور اسلام

پٹنہ مورخہ 15 اپریل 2024ء

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے ایڈمنسٹریٹر جناب سنیل کمار وسکریٹری جناب عبدالسلام انصاری مدرسہ بورڈ کے مشترکہ حکم کے مطابق طلبا طالبات وگارجین حضرات کو اطلاع دی ہے کہ درجہ فوقانیہ ومولوی امتحانات 2024 کے نتائج مورخہ۔13 مارچ 2024 کو جاری کئے جاچکے ہیں۔ جوطلبا وطالبات جاری شدہ نتائج سے مطمئن نہیں ہیں، انہیں اپنے نتیجہ پر شبہ ہے یا ان کا نتیجہ امید کے برعکس ہے تو وہ اسکروٹنی کے لیے مورخہ۔18-04-2024 سے 30-04-2024 تک لازمی طور پر دفتر مدرسہ بورڈ کے ویب سائٹ www.bsmeb.org پر موجود Fauquania &Moulvi Scrutiny Form 2024 لنک پر صرف دو مضامین کے لیے ہی آن لائن درخواست دے سکتے ہیں، درخواست فیس فی سبجکٹ 200 روپئے آن لائن ادا کرنی ہوگی۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن نے مزید بتایا کہ اسکروٹنی کیلئے آن لائن درخواست کے دوران طلبا وطالبات سے متعلق جو اطلاعات مانگی جارہی ہے اسے درج کر فارم پر کرنا یقینی بنائیں۔ آن لائن فراہم کرائے گئے اطلاعات کی بنیاد پر ہی اسکروٹنی کی کاروائی کی جائے گی اور ایسے امیدواروں کے نتائج دوبارہ شائع کئے جائیں گے۔ دریں اثنا یقینی طور پر متعینہ تاریخ کے درمیان اسکروٹنی کیلئے آن لائن فارم بھریں دوبارہ موقع نہیں دیا جائے گا۔

15/4/2024

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)
کنٹرولر آف اکزامنیشن
بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ